ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,
ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD,**
**Malleshwaram, Bengaluru – 560 003**

## 2024-25ರ ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಮಾದರಿ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆ-2
## S.S.L.C. MODEL QUESTION PAPER-2 : 2024-25

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು
# Subject : Third Language — URDU

ವಿಷಯ ಸಂಕೇತ : **66-U** | **Subject Code : 66-U**

ಸಮಯ : 3 ಗಂಟೆ ] | [ Time : 3 Hours

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : **80** ] | [ Max. Marks : **80**

---

عام ہدایات :

1. اِس سوالی پرچہ میں 38 سوالات ہیں۔
2. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
3. بائیں ہاتھ کے حاشیے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
4. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Turn over ]

www.careerindia.com

CAREERINDIA



**I.** درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے :

**8 x 1 = 8**

1. جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی گئی ہو۔

(A) نعت (B) حمد

(C) غزل (D) رباعی

2. وہ کلمہ جو خود معنیٰ نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے۔

(A) حروفِ ربط (B) مستقل کلمہ

(C) غیر مستقل کلمہ (D) حروفِ عطف

3. ''اربیہ نے کھانا کھایا۔'' اِس جملے میں علامت فاعل ہے۔

(A) اربیہ (B) نے

(C) کھانا (D) کھایا

4. مضمون کا درمیانی حصّہ کہلاتا ہے۔

(A) اختتام (B) تمہید

(C) نفسِ مضمون (D) تسلسل

5. ''محاورہ پارہ چڑھنا'' کا مطلب ہے۔

(A) غصّہ آنا (B) بہت خوش ہونا

(C) مایوس ہونا (D) دل باغ باغ ہونا

www.careerindia.com

CAREERINDIA



6. غزل کا آخری شعر کہلاتا ہے۔

(A) مطلع (B) مقطع

(C) حسنِ مطلع (D) بیت الغزل

7. الفاظ کا وہ مجموعہ جس میں کچھ معنی ومطلب نکلتا ہو۔

(A) جملہ (B) مسندالیہ

(C) مسند (D) فعل

8. رُباعی کا کونسا مصرعہ ہم قافیہ ردیف کا پابند نہیں ہوتا۔

(A) پہلا (B) دوسرا

(C) تیسرا (D) چوتھا

II. پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : 4 x 1 = 4

9. ظاہر : باطن :: رات : .........

10. جسم : اجسام :: مقصد : .........

11. بے حد : سابقہ :: یادگار : .........

12. روشنی : مونث :: قلم : .........

www.careerindia.com

CAREERINDIA



**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : **4 x 1 = 4**

13. شیخ حسین اللہ کس نام سے مشہور ہوئے ؟

14. محمد علی جوہر کا لقب کیا تھا ؟

15. معراج کا مطلب کیا ہے ؟

16. کن لوگوں کو جیتے جی جان سے گذرنا نہ آیا ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **8 x 2 = 16**

17. حضرت عائشہؓ کا حُجرہ کیسا تھا ؟

18. ریاستِ میسور و پر کن کن خاندان نے حکومت کی ؟

19. سالِ کبیسہ سے کیا مراد ہے ؟

20. حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا عرس کب اور کس طرح منایا جاتا ہے ؟

21. 'نانوٹکنالوجی' کی مدد سے ''کینسر'' پر کس طرح قابو پایا جاتا ہے ؟

22. مولانا محمد علی جوہؔر کے اُردو اور انگریزی اخبارات کے نام بتائیے۔

23. لیفٹنٹ لارنس کے سامنے انتہائی نازک مسئلہ کونسا تھا ؟

24. عطاؔ کلیانوی کے نزدیک ماحول ناساز کیوں ہے ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



**V.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : **9 x 3 = 27**

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :

25. ''کتنا لمبا چوڑا ہوگا۔''

26. ''کمرہ اتنا چھوٹا ہے کہ اِس میں کسی خواب کے داخل ہونے کی گنجائش ہی نہیں ہے۔''

27. ''ارے بے وقوف ! میں پچھلے دروازے سے بھی تو باہر جا سکتا تھا۔''

28. درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :

(i) ڈاکٹر وحید انجمؔ

(ii) وہاب عندلیبؔ

29. درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:

(i) سید احمد شاکرؔ

(ii) میر تقی میرؔ

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

30. موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

31. جس دن سے چلا ہوں مری منزل پہ نظر ہے
آنکھوں نے کبھی میل کا پتھر نہیں دیکھا

www.careerindia.com

CAREERINDIA



32. تماشائے دَیر وحرم دیکھتے ہیں

تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں

33. درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اُردو میں ترجمہ کیجئے :

Among the countries of the world, only India has the pride of having different people living in this country. The believers of every nation and every area have different clothes.

**VI.** درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : **4 x 4 = 16**

34. آپ کی نصابی کتاب میں شامل ''حمد'' کے ابتدائی چار اشعار لکھئے۔

35. سلیمان خطیب کی شخصیت پر مختصر نوٹ لکھئے۔

یا

عمر خیّام کو علم ہیت کا امام اور ریاضی دانِ اعظم کیوں کہا جاتا ہے۔

36. درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :

ایک مرتبہ جنگ میں حضور ﷺ کو سخت چوٹیں آئیں اور آپ ﷺ کے دندانِ مبارک شہید ہو گئے۔ مدینے میں یہ افواہ پھیل گئی کہ آپ ﷺ شہید ہو گئے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



یہ خبر سُن کر مدینے کے لوگ بے چین ہو گئے اور اپنے گھروں سے باہر نکل آئے۔ انہیں میں ایک نیک بی بی تھیں۔ جو حضور ﷺ سے محبت کرتی تھیں۔ وہ آپ ﷺ کی محبت میں بے تاب ہو کر میدانِ جنگ کی طرف دوڑنے لگیں۔ راستے میں انہیں معلوم ہوا کہ ان کے بھائی، باپ اور شوہر تینوں مارے گئے ہیں، لیکن وہ صبر کے ساتھ پوچھتی رہیں کہ بتاؤ محمد ﷺ کا کیا حال ہے۔ انہیں پتہ چلا کہ آپ ﷺ زندہ و سلامت ہیں تو انہوں نے خدا کا شکر ادا کیا، جب انہوں نے اپنی آنکھوں سے خود حضور ﷺ کو دیکھ لیا تو پکار اُٹھیں آپ ﷺ کے ہوتے سب گوارا ہے۔

**سوالات :**

(i) جنگ کے میدان میں کیا افواہ پھیلی ؟

(ii) مدینے کے لوگ کیوں بے چین تھے ؟

(iii) راستے میں عورت کو کیا خبر ملی ؟

(iv) حضور ﷺ کو دیکھنے کے بعد اُس عورت نے کیا کہا ؟

37. **درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے :**

(i) موبائیل فون کے فائدے

یا

(ii) میرا پسندیدہ کھیل

www.careerindia.com

CAREERINDIA



**VII.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

38. اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنے اِسکول میں منائے گئے ''یوم آزادی'' کا ذکر ہو۔

یا

اپنے میر مدرس کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنی بہن کی شادی کی وجہ بتا کر دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

www.careerindia.com